تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیمِ اسلامی
30-اکتوبر 2020ء

# پریس ریلیز

## بھارتی شہریوں کو کشمیر میں زمین خریدنے کی اجازت کا قانون درحقیقت کشمیر ہڑپ کرنے کا ایک حربہ ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر)۔ بھارتی شہریوں کو کشمیر میں زمین خریدنے کی اجازت کا قانون درحقیقت کشمیر ہڑپ کرنے کا ایک حربہ ہے۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ وادیٔ کشمیر میں بھارت کا ظلم وستم مسلسل جاری ہے اوراب وہ اپنے جابرانہ تسلط کو دوام دینے کے لیے ایسی قانون سازی کر رہا ہے جس سے کشمیر میں بھارتی ہندوؤں کی آبادی میں اضافہ ہو جائے اور وہ کشمیریوں کی نسل کُشی آسانی سے کر سکے۔ اُنھوں نے کہا کہ بھارت اپنے جارحانہ عزائم کی تکمیل کے لیے مسلمانوں کے بدترین دشمن امریکہ سے ''Beca'' اور ''ٹو پلس ٹو'' جیسے خطرناک معاہدے کر رہا ہے اور اپنے ہمسایوں خاص طور پر پاکستان کو مسلسل جنگ کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ اور بھارت کا یہ معاہدہ خطے کو آگ میں جھونک دے گا لیکن امریکہ اِس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ وہ دور ہونے کی وجہ سے اِس آگ میں جھلسنے سے بچ جائے گا۔ اُنھوں نے کہا کہ خود مغرب نے دنیا کو ایک ایسی شکل دے دی ہے جس سے دنیا اب گلوبل ویلیج کہلاتی ہے لہٰذا کوئی جنگ اب کسی مقام یا علاقے تک محدود نہیں رہے گی بلکہ عالمی جنگ میں تبدیل ہو جائے گی۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت اپنے جارحانہ عزائم کی تکمیل میں پوری انسانیت کو تباہ و برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ افسوس کا مقام ہے کہ مسلمان ممالک صورتِ حال کا صحیح ادراک نہیں کر رہے۔ اور وہ کئی حصوں میں بٹے ہوئے ہیں جس کا دشمنانِ اسلام بھرپور فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ مسلمان اگر مکمل تباہی و بربادی سے بچنا چاہتے ہیں تو اُنھیں خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر باہم اتحاد قائم کرنا ہوگا۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 30 October 2020**

## "The promulgation of laws allowing Indian citizens to buy land in IOK is an Indian ploy to devour Occupied Kashmir."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The promulgation of laws allowing Indian citizens to buy land in IOK is an Indian ploy to devour Occupied Kashmir."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that Indian atrocities in the Kashmir Valley are perpetuating and in order to cement its draconian and authoritarian grip in IOK, India is making such laws that would facilitate the proliferation of the settlement of Indian Hindus in Occupied Kashmir and thus by changing the demographics, it would become easier for India to execute the planned genocide of Kashmiri Muslims. He noted that in order to further its militantly aggressive intents, India is making dangerous and treacherous agreements such as 'BECA (Basic Exchange and Cooperation Agreement)' and carrying out '2 plus 2 strategic dialogue' with USA, the bitterest enemy of Muslims, and India is continuously giving threats to its neighbors, particularly, Pakistan of imposing war. He remarked that this agreement between India and USA would ignite the flames of war in our region, and the US is mistaken in believing that it would remain safe from these flames because it is located at a geographical distance from our region. He said that the West has, itself, shaped the world in such a way that it has a global village today, therefore, no war in today's world can remain limited to any particular region or place, but would turn into a world war instead. He said that USA, Israel and India are bent on destroying the entire humanity in order to fulfill their violently hostile agenda. He lamented the fact that Muslim states are unable to correctly understand the precarious situation, and the enemies of Islam are taking full advantage of their internal divisions. The Ameer concluded by asserting that if Muslims want to prevent themselves from total destruction and devastation, then they would have to wake up and unite together sincerely and resolutely.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**